ONE NATION
ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ایمرجنگ ایشیاکپ: پاکستان شاہینز نے متحدہ عرب امارات اے کو184 رنز سے ہرادیا۔

- محمد حارث۔صاحبزادہ فرحان۔صائم ایوب اور کامران غلام کی نصف سنچریاں، قاسم اکرم کی کریئر بیسٹ چھ وکٹیں

کولمبو17جولائی،2023:

پاکستان شاہینز نے اے سی سی ایمرجنگ ایشیاکپ میں متحدہ عرب امارات اے کو184 رنز سے شکست دیدی۔اس میچ کی خاص بات کپتان محمد حارث۔صاحبزادہ فرحان۔کامران غلام اور صائم ایوب کی نصف سنچریاں اور قاسم اکرم کی6 وکٹوں کی شاندار کارکردگی تھی۔

یہ اس ٹورنامنٹ میں پاکستان شاہینز کی دوسری کامیابی ہے اس سے قبل اس نے نیپال کو چار وکٹوں سے شکست دی تھی۔

متحدہ عرب امارات اے اپنا دوسرا میچ ہاری ہے۔پہلے میچ میں اسے انڈیا اے نے آٹھ وکٹوں سے ہرایا تھا۔
پیر کے روز کولمبو کے پی سارا اوول میں کھیلے گئے میچ میں متحدہ عرب امارات اے نے ٹاس جیت کر پاکستان شاہینز کو بیٹنگ دی جو 49اعشاریہ2 اوورز میں 309 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

صائم ایوب اور صاحبزادہ فرحان نے ٹیم کو 98 رنز کا اسٹارٹ دیا۔

صاحبزادہ فرحان 55 گیندوں پر 63 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے ان کی اننگز میں 10 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

صائم ایوب نے پانچ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 56 رنز کی اننگز کھیلی۔

عمیر بن یوسف 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس کے بعد کامران غلام اور کپتان محمد حارث نے چوتھی وکٹ کی شراکت میں 87 رنز کا اضافہ کیا۔

محمد حارث نے 46 گیندوں پر 55 رنز اسکور کیے جس میں 9 چوکے شامل تھے۔

کامران غلام نے جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے چار چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 53 گیندوں پر 63 رنز کی اننگز کھیلی۔

طیب طاہر پانچ اور قاسم اکرم دس رنز بنا سکے۔ پاکستان شاہینز کی آخری چھ وکٹیں اسکور میں صرف 25 رنز کا اضافہ کر سکیں۔

متحدہ عرب امارات اے کی طرف سے لیفٹ آرم اسپنر جیش گیانانی نے 50 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں متحدہ عرب امارات اے 29 اعشاریہ 5 اوورز میں صرف 125 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ آریانش شرما 37 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔

امارات کے اوپنرز آریانش شرما اور جوناتھن فیگی نے 59 رنز کا آغاز فراہم کیا لیکن اسپنرز کے آتے ہی صورتحال بدل گئی اور 104 رنز پر اس کی چھ وکٹیں گر گئی تھیں۔

آف اسپنر قاسم اکرم نے دس اوورز میں صرف 26 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کر ڈالیں جو لسٹ اے ون ڈے میچوں میں ان کی بہترین بولنگ بھی ہے۔

لیفٹ آرم اسپنر سفیان مقیم نے 36 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان شاہینز ٹورنامنٹ میں اپنا تیسرا میچ بدھ کے روز انڈیا اے کے خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز۔ 309 (49 اعشاریہ 2 اوورز)۔ صاحبزادہ فرحان 63۔ کامران غلام 63۔ صائم ایوب 56۔ محمد حارث 55۔ جیش گیانانی 50/4 وکٹ۔

متحدہ عرب امارات اے 125 رنز (29 اعشاریہ 5 اوورز) آریانش شرما 37۔ قاسم اکرم 26/6 وکٹ۔ سفیان مقیم 36/3 وکٹ

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial